Shabbir / Fazil

11-04-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- ملک آج سماجی مصلح مہاتما جیوتِبا پھولے کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔

2- تلنگانہ کو، 42 کارِندوں کی طرف سے خود سپردگی کیے جانے کے بعد نکسل سے پاک قرار دے دیا گیا ہے۔

3- امریکہ اور ایران، مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے خاتمے کیلئے آج اسلام آباد میں براہِ راست بات چیت کریں گے۔

4- ناسا کا Artemis دوئم خلا نورد سیارچہ، زمین پر واپس آ گیا ہے۔ اُس نے چاند کے چاروں طرف سفر کر کے ریکارڈ توڑا ہے۔

5- اِسرو نے، آئندہ گگن یان مِشن کو، فضا میں چھوڑے جانے کی دوسری مربوط جانچ میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔

6- ایشیائی ترقیاتی بینک نے، بھارت کی شرح ترقی کے رواں مالی سال کے اندازے میں اضافہ کیا ہے۔ پہلے اُس نے یہ شرح، ساڑھے 6 فیصد بتائی تھی، لیکن اب اُس نے 6 اعشاریہ 9 فیصد کی پیشگوئی کی ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں گوہاٹی میں، راجستھان رائلس نے، رائل چیلنجرس بنگلورو کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Jyotibha Phule

ملک آج ایک سماجی مصلح اور کارکن مہاتما جیوتبا پھولے کا یومِ پیدائش منا رہا ہے۔ 1827 میں آج کے دن پیدا ہوئے۔ مہاتما پھولے نے اپنی اہلیہ ساوتری پھولے کے ساتھ خواتین کی تعلیم اور انھیں بااختیار بنانے نیز ذات پات، چھوت چھات کو ختم کرنے کیلئے نمایاں کام کئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Shivang

جیوتی راؤ گوندراؤ پھولے جو مہاتما جیوتبا پھولے کے نام سے مقبول ہیں، ایک عظیم سماجی مصلح اور غیر معمولی بصیرت کے حامل تھے، جنھوں نے ذات پات کے نظام کو ختم کرنے اور خواتین اور پسماندہ برادریوں کے لئے تعلیم اور

مساوات کیلئے کام کیا۔ اُن کی پیدائش، مہاراشٹر، پنے میں، 11 اپریل 1827 کو ایک مالی کنبے میں ہوئی تھی۔ جناب پھولے نے پنے کے تعمیرات عامّہ کے محکمے میں ٹھیکیدار کے طور پر کام کیا اور اپنی مالی خود انحصاری کو سماجی اصلاحات کیلئے استعمال کیا، جس میں اسکولوں اور عوامی بیداری کے پروگراموں کا انعقاد کرنا شامل ہے۔ 1873 میں اُنھوں نے پسماندہ برادریوں کے حقوق کی حمایت میں ستیہ شودَھک سماج کی بنیاد ڈالی، جہاں انھوں نے خواتین، دلتوں اور شودروں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِاعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور دیگر اہم پارلیمانی ارکان و ممتاز شخصیات پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے کے پریرنا استھل میں جیوتبا پھولے کو گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ اس موقع پر ملک کے مختلف حصوں میں متعدد پروگرام و تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔x

شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں .....

Tilangana Surrender

تلنگانہ میں 42 کارندوں کے ذریعے خود سپردگی کرنے کے بعد ریاست کو نکسل سے پاک قرار دیا گیا ہے۔

تلنگانہ کے DGP بی شِو دھر ریڈی نے اعلان کیا کہ PLGA کمانڈر Sodi Malla سمیت کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا CPIM (ماؤنواز) کے 42 کارندوں کی خود سپردگی کے بعد اب ریاست میں مسلح ماؤنوازوں کی موجودگی کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ DGP نے کہا کہ تلنگانہ اسٹیٹ کمیٹی کا مکمل طور پر خاتمہ کردیا گیا ہے۔ جناب ریڈی نے کہا کہ 42 ماؤنوازوں نے 36 ہتھیاروں سمیت خود سپردگی کی، جن میں 5 اے۔کے۔ 47 رائفلز، 4 SLR رائفلیں دو دیسی گرینڈس، مختلف صلاحیت کے ایک ہزار سات زندہ کارتوس اور 800 گرام سونا شامل ہے۔

DGP نے کہا کہ مختلف علاقوں میں انتہا پسندوں کے ذریعے تنصیب کیے گئے IEDs کا پتہ لگانے اور انھیں ہٹانے کیلئے پولیس، خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کی مدد لے رہی ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ خود سپردگی کرنے والے کارکنوں کو حکومت کی طرف سے مالی مدد فراہم کی جارہی ہے۔ نیز یہ افراد اپنے رشتہ داروں، دوستوں اور میڈیا کے ساتھ بھی بات چیت کر سکتے ہیں۔ 2024 سے 2026 کے درمیان مجموعی طور پر 761 ماؤنوازوں نے 302 ہتھیاروں کے ساتھ خود سپردگی کی ہے۔x

Rev.US Iran Talks

امریکہ اور ایران، مغربی ایشیاء کے خطّے میں کئی ہفتے سے جاری محاذ آرائی کے خاتمے کیلئے آج اسلام آباد میں، براہِ راست بات چیت کریں گے۔ امریکی وفد کی قیادت نائب صدر جے-ڈی وانس کریں گے، جن کے ساتھ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور مشیر Jared Kushner بھی ہوں گے۔

ایران کی نمائندگی، پارلیمنٹ اسپیکر محمد باقر قالیباف کریں گے۔ وہ اسرائیلی حملوں کے بعد باقی بچے ہوئے قائدین میں، اعلیٰ ترین عہدیداروں میں سے ایک ہیں۔ اِن حملوں میں مبینہ طور پر بہت سے سینئر رہنما ہلاک ہو گئے ہیں، جن میں روحانی پیشوا آیت اللہ علی خامنہ ای بھی شامل ہیں۔

امید ہے کہ اِس بات چیت میں ایران کے نیوکلیائی افزودگی کے پروگرام، بیلسٹک میزائل تیار کرنے اور آبنائے ہُرمز پر توجہ مرکوز کی جائے گی، جہاں سینکڑوں تیل ٹینکرز، یا تو پھنسے ہوئے ہیں یا اِن میں تاخیر ہو رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Chirag Jha

یہ مذاکرات، صدر ٹرمپ کی طرف سے اعلان کردہ دو ہفتے کی جنگ بندی کے بعد کیے جا رہے ہیں۔ اِس جنگ بندی کو امریکی انتظامیہ نے ایران کے خلاف ایک فیصلہ کُن فوجی مہم قرار دیا ہے۔ آبنائے ہُرمز اِس کشیدگی کا اصل مرکز رہی۔ اگرچہ امریکہ نے فی الحال جنگ بندی کی پیشکش کی ہے، لیکن ایران، محدود جنگ بندی کے علاوہ، اِس مخاصمت کو ہمیشہ کیلئے ختم کرنے کی ضمانت چاہتا ہے۔ ایران نے، 10 نکاتی فریم ورک کی تجویز رکھی ہے، جس میں اُس نے آبنائے ہُرمز پر کنٹرول، خطّے کے ٹھکانوں سے امریکی فوجوں کو ہٹائے جانے، یورینیم کو طاقتور بنانے کے اپنے حق کو تسلیم کیے جانے اور لبنان میں حزب اللہ پر اسرائیلی حملوں کو ختم کرنے کی بات کہی ہے۔

امریکی افسران نے کہا کہ یہ تجویز امریکہ کے موقف سے مطابقت نہیں رکھتی، اگرچہ صدر ٹرمپ نے اِسے ایک قابلِ عمل بنیاد قرار دیا ہے، جس پر بات چیت کی جا سکتی ہے۔ البتہ وہائٹ ہاؤس کے ایک افسر نے بتایا کہ بنیادی مطالبات، امریکی فریم ورک سے باہر ہیں۔ امریکہ نے اِس سے پہلے 15 نکاتی تجویز پیش کی تھی، جس میں نیوکلیئر اور میزائل پر پابندیوں اور سمندری سکیورٹی کی بات کہی گئی تھی۔ امریکہ-ایران بات چیت کے علاوہ، امید ہے کہ واشنگٹن میں خارجی محکمے میں اسرائیل-لبنان مذاکرات بھی اگلے ہفتے شروع ہو جائیں، جو مغربی ایشیاء جنگ بندی کی کوششوں کیلئے تقویت ثابت ہو سکتی ہے۔

نیوز ڈیسک سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Artemis II

ناسا کا Artemis دوئم چاند مشن، جس میں عملے کے 4 ارکان سوار تھے، آج صبح سویرے زمین پر کامیابی کے ساتھ واپس آ گیا۔ چاند کے گِرد یہ ایک ریکارڈ توڑ دینے والا سفر تھا، جس سے چاند کے نہ صرف پیچھے کے رُخ کے بارے میں معلومات حاصل ہوئی ہے، جسے انسانی آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا تھا، بلکہ مکمل سورج گرہن کے بارے میں بھی جانکاری حاصل ہوئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Kaumudee

کمانڈر Reid Wiseman، پائلٹ وِکٹر گلووَر، کرِسٹینا کوچ اور کینیڈا کے Jeremy Hansen خلا سے کامیابی کے ساتھ واپس آ گئے ہیں۔ یہ سفر آواز سے 33 گُنا زیادہ تیز رفتار تھا۔ اِس سے پہلے یہ سفر 1960 اور 1970 کی دہائیوں میں ناسا اَپولو کے طور پر کیا گیا تھا۔ 10 روزہ Artemis دوئم مشن کے دوران اِس کا عملہ، ایسا پہلا انسانی عملہ ہے، جس نے 50 سال سے بھی زیادہ عرصے میں چاند کا سفر کیا ہے۔ اُس نے زمین سے ابھی تک کے سب سے زیادہ فاصلے پر جانے کا ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔

نیوز ڈیسک سے کومودی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

ISRO Ganganyan

بھارت کی، خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO نے، آندھراپردیش کے شہر سری ہری کوٹہ میں، آئندہ گگن یان مشن کیلئے، خلا میں بھیجنے کی دوسری مربوط جانچ IADT-02 میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ عملے کے ماڈیول کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کیلئے یہ نظام لازمی ہے۔ یہ ایک خول ہوتا ہے، جس میں خلا نورد، خلائی پرواز کے دوران بیٹھتے ہیں۔ جب یہ ماڈیول خلا میں بھیج دیا جاتا ہے، تو 10 پیراشُوٹس پر مشتمل ایک نظام کا استعمال کیا جاتا ہے، جس کی مدد سے اِس ماڈیول کو آہستگی سے نیچے اُتارا جاتا ہے۔

IADT-02 آزمائش، پہلی IADT آزمائش کی کامیابی کے بعد کی گئی ہے، جو سری ہری کوٹہ کے، ستیش دھون خلائی مرکز میں 24 اگست 2025 کو کی گئی تھی۔

مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے اِسرو کو اِس آزمائش کی کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ بھارت کی یہ پہلی انسانی خلائی پرواز سری ہری کوٹہ سے 2027 میں روانہ کی جائے گی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ADB India Growth

ایشیائی ترقیاتی بینک ADB نے رواں مالی سال کے دوران بھارت کی شرح ترقی کے اندازے میں اضافہ کیا ہے۔ پہلے اُس نے یہ شرح 6 اعشاریہ 5 فیصد بتائی تھی، لیکن اب اُس نے اِسے بڑھا کر 6 اعشاریہ 9 فیصد کر دیا ہے۔ ADB کے ایشیائی ترقیاتی خاکے کے مطابق امید ہے کہ بھارت میں شرح ترقی مالی سال کے دوران کافی زیادہ رہی، جس کی وجہ مضبوط گھریلو مانگ، اطمینان بخش مالی حالات اور بھارتی اشیاء پر کم امریکی محصولات ہیں۔

رپورٹ میں اُجاگر کیا گیا ہے کہ ایشیاء اور بحرالکاہل خطّے میں زیادہ تر معیشتوں میں اِس سال اور 2027 میں ترقی کی صورتحال ابتر ہوگی۔

خطّے میں اقتصادی شرح ترقی کے بارے میں امکان ہے کہ یہ سال 2026 اور 2027 دونوں میں سُست ہوکر 5 اعشاریہ ایک فیصد رہے گی، جبکہ پچھلے سال یہ 5 اعشاریہ 4 فیصد تھی۔ شرح ترقی میں اِس سُست رفتاری کی وجہ مغربی ایشیاء میں جنگ اور لگاتار تجارتی غیر یقینی صورتحال ہے۔x

Railway Vande Bharat

مالی سال 26-2025 کے دوران تقریباً 3 کروڑ 98 لاکھ مسافروں نے وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کے ذریعے سفر کیا۔ اس سے مسافروں کی تعداد میں نمایاں اضافے کی نشاندہی ہوتی ہے۔ یہ مالی سال 25-2024 میں دو کروڑ 97 لاکھ مسافروں کے مقابلے میں تقریباً 34 فیصد کا سال بہ سال اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ وزارت ریلوے کے مطابق یہ اضافہ تیز رفتار، آرام دہ اور جدید ریل سفر کیلئے مسافروں کی بڑھتی ہوئی ترجیح کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔

مزید یہ کہ ، وندے بھارت ایکسپریس نے اپنے آغاز سے اب تک ایک لاکھ trips کے ذریعے 9 کروڑ دس لاکھ مسافروں کو خدمات فراہم کی ہیں۔x

Constituency Profile Sital Kuchi (WB)

آج ہم اپنی حلقہ پروفائل سیریز کے تحت جائزہ لے رہے ہیں۔ مغربی بنگال کے کوچ بہار ضلعے کے Sital Kuchi اسمبلی حلقے پر جہاں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

VC : Kalyan Laha

یہ اسمبلی حلقہ Sital Kuchi کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک اور Matha bhanga کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک کی 7 گرام پنچایتوں پر مشتمل ہے۔

اس اسمبلی حلقے کے چناؤ میں 3 آزاد امیدواروں اور درجِ فہرست ریزرو سیٹوں سمیت کل 11 امیدوار چناؤ لڑ رہے ہیں۔ اس مرتبہ BJP نے سابرمتی برمن کو اپنے امیدوار کے طور پر کھڑا کیا ہے۔ ترنمول کانگریس کے امیدوار Harihar Das ہیں جبکہ CPI (M) کی جانب سے Namadipti Roy Adhikari نیز کانگریس کی طرف سے Sukamal Barman انتخابی امیدوار ہیں۔

گذشتہ اسمبلی انتخابات میں BJP نے ترنمول کانگریس کو 18 ہزار ووٹوں کے فرق سے شکست دی تھی۔

اِس مرتبہ اسمبلی چناؤ میں 23 اپریل کو تقریباً 3 لاکھ ووٹرز امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

اہم مقابلہ BJP اور ترنمول کانگریس کے درمیان ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے حال ہی میں کوچ بہار ضلعے میں ایک عوامی جلسے میں شرکت کی تھی اور T MC کی بدعنوانی کو اجاگر کیا تھا، جبکہ TMC مغربی بنگال میں SIR کے تحت ووٹر فہرست سے نام خارج کیے جانے کیلئے BJP کو نشانہ بنا رہی ہے۔

کولکتہ سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ....

Forex Reserves'

بھارت کے، غیر ملکی زرِ مبادلہ میں، تین اپریل کو ختم ہفتے میں، 9 ارب امریکی ڈالر سے بھی زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ 697 ارب 12 کروڑ 10 لاکھ ڈالر پر پہنچ گیا۔

بھارتیہ ریزرو بینک کے مطابق غیر ملکی زرِ مبادلہ کی صورتحال، اپریل کے پہلے ہفتے میں مضبوط رہی اور اِس سے پچھلے ہفتے کی کمی دور ہوئی۔ x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج جموں و کشمیر اور لداخ میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی ہے۔ اُس نے ہماچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم، رایل سیما اور مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقوں میں بھی اسی طرح کی صورت حال رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

IMD نے اروناچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، ساحلی آندھرا پردیش، جنوبی اندرونی کرناٹک، کیرالہ اور ماہے میں گرج چمک کے ساتھ شدید ہوا چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے کونکن، گوا، اڈیشہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

IPL'

IPL کرکٹ میں، کل رات گوہاٹی کے Barsapara کرکٹ اسٹیڈئم میں کھیلے گئے ایک میچ میں راجستھان رائلس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو 6 وکٹ سے ہرا کر لگاتار چوتھی جیت درج کی ہے۔ جیت کے لئے مقرر کردہ 202 رن کے نشانے کو راجستھان رائلس نے 18 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر بڑی آسانی حاصل کرلیا۔ Vaibhav Sooryavanshi کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج سہ پہر ساڑھے تین بجے نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں واقع مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈئم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے، جبکہ شام ساڑھے سات بجے چنئی کے چدمبرم اسٹیڈئم میں چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔x

Asian Wrestling Championship

ایشین کشتی چیمپین شپ 2026 میں، بھارت کی میناکشی Goyat نے کل کرغستان کے شہر Bishek میں خواتین کے 53 کلوگرام کے فائنل میں ہارنے کے بعد چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

اس دوران 65 کلوگرام کے زمرے میں مونیکا نے جبکہ 72 کلوگرام کے زمرے میں ہرشیتا نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ ادھر سونے کا تمغہ جیتنے کیلئے سُجیت Kalkal کا مقابلہ ازبیکستان کے Umidjon Jalolov سے ہوگا۔ اولمپک میں تمغہ یافتہ امن سہراوت بھی بھارتی کشتی میں شامل ہیں جو اپنی مہم کا آغاز آج کریں گے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے لبنان میں اسرائیلی حملوں سے شہریوں کی بڑھتی ہوئی ہلاکتوں پر بھارت کی طرف سے گہری تشویش کا اظہار کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ بھارت نے لبنان میں امن و سلامتی کے تئیں اپنی وابستگی کو بھی واضح کیا ہے۔

جنگ بندی مذاکرات پر دنیا بھر کی نگاہیں مرکوز، اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے، جس کے مطابق عارضی جنگ بندی کو مستقل جنگ بندی کی شکل دینے کے مقصد سے امریکہ اور ایران کے وفود اسلام آباد پہنچ چکے ہیں۔

آج کے بیشتر اخباروں نے مغربی بنگال اسمبلی الیکشن کیلئے BJP کا سنکلپ پتر انتخابی منشور جاری کیے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیاہے جس میں اقتدار آنے پر ترقی، روزگار، خواتین کی حفاظت اور صحت کو ترجیح دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔

آج کے سبھی اخباروں نے ایس آئی آر کے بعد اترپردیش کی حتمی ووٹرلسٹ جاری کیے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق دو کروڑ سے زیادہ لوگوں کے نام حذف کیے گئے ہیں جبکہ 84 لاکھ سے زیادہ ووٹروں کا اضافہ ہوا ہے۔

نتیش کمار کو راجیہ سبھا کی رکنیت کا حلف دلایا گیا۔ وزیراعظم نے مبارکباد دی۔ اس خبر پر آج کے سبھی اخباروں نے توجہ مرکوز کی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت کچھ دوسرے اخباروں نے مواخذہ کی کارروائی کے دوران جسٹس یشونت ورما کے مستعفٰی ہونے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

جبکہ روزنامہ پرتاپ نے سندھی زبان کے دن کے موقعے پر منعقدہ تقریب میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کے ذریعے سندھی زبان میں آئین کا نیا ایڈیشن جاری کیے جانے کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔x

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- ملک آج سماجی مصلح مہاتما جیوتِبا پھولے کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔

2- تلنگانہ کو، 42 کارِندوں کی طرف سے خود سپردگی کیے جانے کے بعد نکسل سے پاک قرار دے دیا گیا ہے۔

3- امریکہ اور ایران، مغربی ایشیاء محاذ آرائی کے خاتمے کیلئے آج اسلام آباد میں براہِ راست بات چیت کریں گے۔

4- ناسا کا Artemis دوئم خلا نورد سیارچہ، زمین پر واپس آ گیا ہے۔ اُس نے چاند کے چاروں طرف سفر کرکے ریکارڈ توڑا ہے۔

5- اِسرو نے، آئندہ گگن یان مِشن کو، فضا میں چھوڑے جانے کی دوسری مربوط جانچ میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔

6- ایشیائی ترقیاتی بینک نے، بھارت کی شرح ترقی کے رواں مالی سال کے اندازے میں اضافہ کیا ہے۔ پہلے اُس نے یہ شرح، ساڑھے 6 فیصد بتائی تھی، لیکن اب اُس نے 6 اعشاریہ 9 فیصد کی پیشگوئی کی ہے۔

7- اور IPL کرکٹ میں گوہاٹی میں، راجستھان رائلس نے، رائل چیلنجرس بنگلورو کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔